## KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD,

## MALLESWARAM, BANGALORE-560 003

## ایس.ایس.یل.سی ضمیمہ امتحان -2021

## S.S.L.C SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2021

**پرچہ / Paper - 02**

مضمون : پہلی زبان + دوسری زبان + تیسری زبان / این ایس کیو یف

**Subject : First Language + Second Language + Third Language / NSQF**

**Key Answers**

کوڈ نمبر : 66U **Code No. : 66U**

سوالات کی جملہ تعداد : 40+40+40=120] **[Total No. of Questions : 40+40+40=120**

## THIRD LANGUAGE URDU

درج ذیل ہر سوال / نامکمل جملوں کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں، ان میں سے صحیح ترین جواب کا انتخاب کیجئے، پھر آپ کے انتخاب شدہ جواب کو فراہم کی گئی OMR شیٹ میں موجود مساوی نمبر کے دائرے پر سیاہ / نیلے بال پوائنٹ پین کی مدد سے اچھی طرح شیڈ کریں:۔ **[40×1=40]**

81) مصرع ثانی کی نشاندہی کیجئے۔

ہر دل میں ہے تیرا بسیرا

A) دکھ میں سہارا دینے والا

B) تو پاس اور گھر دور ہے تیرا

C) بپتا میں یاد آنے والا

D) تو ہی بیڑا پار لگائے

Ans: (B) تو پاس اور گھر دور ہے تیرا

82) وہ صنفِ نظم جس میں حضور اکرمؐ کی تعریف کی جاتی ہو۔

A) نعت B) غزل

C) حمد D) رباعی

Ans: (A) نعت

83) شفیعُ الاُمم سے مراد ہیں۔

A) حضرت موسیٰؑ B) حضرت عیسیٰؑ

C) حضرت محمدؐ D) حضرتِ ابراہیمؑ

Ans: (C) حضرت محمدؐ

84) حضور اکرمؐ کا آسمانوں سے اوپر جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا مشاہدہ کرنے' کو کہتے ہیں۔

A) معراج B) روزہ

C) سدرۃُ المنتہیٰ D) ہجرت

Ans: (A) معراج

85) حضرتِ صدیقہؓ کو ان موضوعات میں مہارت حاصل تھی۔

A) سیاسیات' معشیات اور تاریخ B) تاریخ' ادب' اور طب

C) تاریخ' شہریت اور علم ریاضی D) علمِ کیمیا' علمِ فلکیات' اور علمِ نجوم

Ans: (B) تاریخ' ادب' اور طب

(86 حضرت عائشہ صدیقہؓ کی نمازِ جنازہ انھوں نے پڑھائی۔

A) حضرت ابوبکر صدیقؓ　　B) حضرتِ عمرؓ

C) حضرتِ عثمانِ غنیؓ　　D) حضرتِ ابو ہریرہؓ

Ans: (D) حضرتِ ابو ہریرہؓ

(87 حضرت عائشہ صدیقہؓ کی آخری آرام گاہ (قبر) یہاں ہے۔

A) جنّتُ المعلیٰ　　B) جنّت الماَ ویٰ

C) جنّت البقیع　　D) بیتُ المقدس

Ans: (C) جنّت البقیع

(88 حضرت عائشہؓ کا حُجرہ اس مسجد سے ملا ہوا تھا۔

A) اقصیٰ　　B) نبویؐ

C) کعبہ　　D) قباء

Ans: (B) نبویؐ

(89 درجِ ذیل غزل کے اشعار دیئے گئے ہیں۔
ان میں مقطع تلاش کیجیے۔

A) کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

B) موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

C) کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ
شرم تم کو مگر نہیں آتی

D) ہم وہاں ہیں، جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

Ans: (C) کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ　　شرم تم کو مگر نہیں آتی

(90 ''کتنا لمبا چوڑا ہوگا''
اس جملے کو کہنے والا
A) پہلا کلرک
B) دوسرا کلرک
C) رامو
D) اینگلو انڈین کلرک
Ans: (D) اینگلو انڈین کلرک

(91 شیخ حُسین عبداللہ اس نام سے مشہور ہوئے۔
A) بوعلی سینا
B) عمرخیّام
C) امیر مینائی
D) سلطان
Ans: (A) بوعلی سینا

(92 الجبرا میں عمر خیام کا ایجاد کردہ اصول یہ ہے۔
A) مسئلہ علمِ مساحت
B) مسئلہ دورقمی
C) مسئلہ شریعت
D) انسانی عدل وانصاف کا مسئلہ
Ans: (B) مسئلہ دورقمی

(93 ''پیغامِ یکجہتی'' نظم میں شاعر ہمیں اس بات کا پیغام دے رہا ہے۔
A) عشق وعاشقی
B) انسانیت' آدمیت' اورحبِّ قومی
C) جنگ وجدل
D) تعصب وعداوت
Ans: (B) انسانیت' آدمیت' اورحبِّ قومی

(94 شاعر سید احمد شاکر کے مطابق ہمارے باہمی جھگڑوں کا نتیجہ یہ ہوتا ہے۔
A) یہ ہمیں بدنام کرتے ہیں
B) اس سے ہمارے ملک کی عظمت بڑھتی ہے
C) ہمارا ملک ترقی کرتا ہے
D) آپس میں میل ملاپ باقی رہتا ہے
Ans: (A) یہ ہمیں بدنام کرتے ہیں

95) ٹوکیو میں مصنّف کا قیام اس ہوٹل میں رہا۔

A) گلمرگ ہوٹل B) لی مریڈین ہوٹل

C) گرین ہوٹل D) تاج ہوٹل

Ans: (C) گرین ہوٹل

96) ''بھارت رتن سرایم وشویشوریا'' سبق لکھنے والے مصنّف کا نام ہے۔

A) کرشن چندر B) یم قادر علی خان

C) ادارہ D) ابراہیم عمادی

Ans: (B) یم قادر علی خان

97) سرایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ اس لئے دیا گیا۔

A) اس زمانے میں ملک میں انجیز ہی نہیں تھے

B) انہوں نے سول انجیز یںگ میں گول میڈل حاصل کیا تھا

C) جب ملک بھر میں ان کی ذہانت اور استعداد کا چرچا ہوا

D) وہ سری کرشناراج وڈیر بہادر کے دوست تھے

Ans: (C) جب ملک بھر میں ان کی ذہانت اور استعداد کا چرچا ہو

98) جاپان جانے کیلئے مصنّف نے پان امریکی طیارے کا انتخاب اس لئے کیا۔

A) اس طیّارہ میں کھانے کا انتظام تھا

B) ٹکٹ کی قیمت بہت کم تھی

C) صرف یہی طیارہ جاپان جاتا تھا

D) یہ طیارہ دنیا کے گرد ایک چکّر لگاتا تھا

Ans: (D) یہ طیارہ دنیا کے گرد ایک چکّر لگاتا تھا

99) یہ مستقل کلمہ کی ایک قسم ہے۔

A) مہمل　　B) اسم

C) سادہ حروف　　D) مخلوط حروف

Ans: (B) اسم

100) مولانا محمد علی جوہؔر کی جائے پیدائش۔

A) پالن پور　　B) رام پور

C) جئے پور　　D) سنگا پور

Ans: (B) رام پور

101) مولانا محمد علی جوہؔر کو عوام نے اس لقب سے نوازا۔

A) عوامی شاعر　　B) شاعر مشرق

C) رئیس الہند　　D) رئیس الأحرار

Ans: (D) رئیس الأحرار

102) دہلی سے ٹوکیو جاتے ہوئے مصنّف کا جہاز ان ہوائی اڈوں پر رُکا۔

A) چیناا ور ہوان　　B) بنکاک اور ہانگ کانگ

C) جرمن اور پیارِس　　D) کلکتہ اور بمبئ

Ans: (B) بنکاک اور ہانگ کانگ

103) مولانا محمد علی جوہؔر یہ گول میز کانفرس میں شرکت کے لئے گئے۔

A) بین الملکی کانفرنس　　B) اقوام متحدہ کانفرنس

C) لندن کانفرنس　　D) لاہور کانفرنس

Ans: (C) لندن کانفرنس

(104) گندمی رنگ، دہرا جسم، داڑھی منڈھی ہوئی مونچھ ہٹلری۔

یہ جملہ اس شخصیت کا حلیہ بیان کرتا ہے

A) مولانا ابوالبیان حمّاد

B) سلیمان خطیبؔ

C) مولانا محمد علی جوہرؔ

D) سرایم وشویشوریّا

Ans: (B) سلیمان خطیبؔ

(105) مولانا محمد علی جوہرؔ کے انگریزی وارد و اخبار کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

A) الہلال اور البلاغ

B) زمیندار اور دنیا میرے سامنے

C) سالارِ قومی آواز

D) کامریڈ اور ہمدرد

Ans: (D) کامریڈ اور ہمدرد

(106) ''آنکھوں میں رہا دل میں اتر کر نہیں دیکھا'' غزل لکھنے والے شاعر کی نشاندہی کیجئے۔

A) الطاف حسین حالؔی

B) مرزا غالبؔ

C) داغ دہلویؔ

D) ڈاکٹر بشیر بدرؔ

Ans: (D) ڈاکٹر بشیر بدرؔ

(107) اکبرؔ الٰہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے اس کی وجہ۔

A) غم جاناں

B) شدّتِ یاس

C) غمِ دوراں

D) محبوب کی جدائی

Ans: (B) شدّتِ یاس

108) چار مصرعوں والی نظم کہلاتی ہے۔

A) حمد
B) نعت
C) رباعی
D) غزل

Ans: (C) رباعی

109) ''چھوٹے اور بڑے سب وہاں تھے''
اس جملے میں حروفِ وصل کی نشاندہی کیجئے۔

A) چھوٹے
B) بڑے
C) اور
D) تھے

Ans: (C) اور

110) وہ حروف جو سبب کو ظاہر کرتے ہیں کہلاتے ہیں۔

A) حروفِ وصل
B) حروفِ علّت
C) حروف استدراک
D) حروف تہجی

Ans: (B) حروفِ علّت

111) اس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

A) نعت
B) قطعہ
C) حمد
D) منقبت

Ans: (C) حمد

112) محاورہ ''سڑکیں ناپنا'' کا مطلب یہ ہے۔

A) بے وجہ سڑکوں پر پھرنا
B) راہ گیروں سے باتیں کرنا
C) پکّی سڑکیں تیار کرنا
D) ہاتھ صاف کرنا

Ans: (A) بے وجہ سڑکوں پر پھرنا

113) حروفِ فجائیہ کے لئے استعمال ہونے والے الفاظ یہ ہیں۔

A) کا، کے
B) اگر، مگر
C) لیکن، لہٰذا
D) ماشاءاللہ، واہ واہ

Ans: (D) ماشاءاللہ، واہ واہ

114) مضمون کا درمیانی حصّہ جس میں موضوع کے متعلق تفصیل سے ذکر کیا جاتا ہے، کہلاتا ہے۔

A) تمہید
B) نفسِ مضمون
C) آغاز
D) خاتمہ

Ans: (B) نفسِ مضمون

115) معنوی اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

A) آرزو
B) تمنا
C) خواہش
D) فرمانبرداری

Ans: (D) فرمانبرداری

116) جملے کے دو حصّے یہ ہیں۔

A) مسند الیہ اور مسند

B) اسمِ خاص اور اسمِ عام

C) ضمیر اور صفت

D) فعل اور متعلقِ فعل

Ans: (A) مسند الیہ اور مسند

117) لفظ ''جدید'' کی ضد ہے۔

A) ندیم

B) قدیم

C) سلیم

D) مقیم

Ans: (B) قدیم

118) درجِ ذیل میں جمع لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) فرد

B) فن

C) منظر

D) ایجادات

Ans: (D) ایجادات

119) خط لکھنے والے کو کہا جاتا ہے۔

A) مکتوب نگار

B) مکتوب الیہ

C) مکتوب

D) نامہ

Ans: (A) مکتوب نگار

120) انگریزی لفظ ''**Leap Year**'' کو کہتے ہیں۔

A) سالِ رواں

B) سالِ کبیسہ

C) سال وفات

D) سالِ ہجری

Ans: (B) سالِ کبیسہ